# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء وشخصیات کے تاثرات کے اقتِباسات

(قسطِ سوم)







- مَدَنی چینل سے متعدد غیر مسلم مسلمان ہو رہے ہیں۔ 7
- مَدَنی چینل پر عملی طور پر وضو، نماز کا طریقہ بتانا بہت ہی اچھا ہے۔ 8
- امیرِ اہلسنّت مدظلہ العالی کا مَدَنی مذاکرہ میں جواب دینا انتہائی مفید اور معلوماتی ہے۔ 13
- مَدَنی چینل کے اجرا پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ 15
- مَدَنی چینل پر دعوتِ اسلامی کا بین الاقوامی اجتماع دیکھا تو دل باغ باغ بلکہ باغِ مدینہ ہو گیا۔ 23



بااہتمام:
مجلس رابطۃ بالعُلَماء والمشائخ
(دعوتِ اسلامی)

مکتبۃ المدینہ
SC1286

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء و شَخصیّات کے تأثرات کے اقتِباسات (قسطِ سوم)

## دُرود شریف کی بَرَکت

**اَعلٰی حضرت**، اِمامِ اَہلسنّت، مُجدِّدِ دین وملّت مولٰینا شاہ **امام اَحمد رضا خان** علیہ رحمۃ الرَّحمٰن فتاوٰی رضویہ شریف جلد 23 صَفْحَہ 122 پر نقل فرماتے ہیں: حضرت اَبُو المواہِب رضی اللہ تعالٰی عنہ فرماتے تھے کہ مَیں نے خواب میں **رسُولُ اللّٰہ** صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو دیکھا، حضورِ اقدس صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے مجھ سے فرمایا کہ ''قیامت کے دن تم **ایک لاکھ** بندوں کی شَفاعت کرو گے۔'' میں نے عرض کی: **یارسُولَ اللّٰہ!** عَزَّوَجَلَّ وصلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم مَیں کیسے اس قابل ہوا؟ ارشاد فرمایا: ''اس لیے کہ تم مجھ پر دُرود پڑھ کر اس کا ثواب مجھے نَذْر کر دیتے ہو۔''

## ثواب نَذْر کرنے کا طریقہ

**درود پاک** پڑھ کر تصور میں کہہ دیجئے اور چاہیں تو زبان سے بھی دہرایئے:

’’یا اللہ عَزَّوَجَلَّ میں نے جو دُرود شریف پڑھے ہیں ان کا ثواب ہمارے آقا صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کو پہنچا۔‘‘

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالیٰ علیٰ محمَّد

اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قراٰن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کہ جس کا مدنی کام آج سے تقریباً 27 سال قبل ذوالقعدۃ الحرام ۱۴۰۱ھ/ 1981ء میں باب المدینہ کراچی کے اندر شیخ طریقت، امیر اہلسنّت، بانیٔ دعوت اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار رضوی قادری دامت برکاتہم العالیہ نے چند اسلامی بھائیوں کے ملکر شروع کیا۔ میٹھے میٹھے مصطفیٰ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی عنایتوں، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی بَرَکتوں، اولیائے عِظام رحمہم اللہ تعالیٰ کی نسبتوں، عُلماء ومشائخِ اہلسنّت دامت فیوضھم کی شفقتوں، امیرِ اہلِ سنت مدظلہ العالی کی شبانہ روز کوششوں، آپ دامت برکاتہم العالیہ کے تربیت یافتہ اسلامی بھائیوں کی کاوشوں اور مَدَنی قافِلوں کی بہاروں کے نتیجے میں آج دعوتِ اسلامی اپنا مَدَنی پیغام تادمِ تحریر دنیا کے کم وبیش 66 ممالک میں پہنچانے کے ساتھ ساتھ 36 سے زائد شعبوں میں کام کررہی ہے۔[1]

مدینہ

[1] ان شعبہ جات کے بارے میں تفصیلی معلومات کیلئے مکتبۃ المدینہ کے رسالہ ’’دعوتِ اسلامی کا تعارف‘‘ میں ملاحظہ فرمائیے۔

الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے بھی ہر طرف لادِینیت، بدعقیدگی اور فحاشی وعُریانی بڑی سُرعت کے ساتھ پھیل رہی ہے۔ دعوتِ اسلامی کی **مرکزی مجلسِ شوریٰ** اور دیگر مُبلِّغین ضرورت محسوس کر رہے تھے کہ وقت کے تقاضوں کے مطابق الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے مؤثر اَنداز میں دین کی ترویج واِشاعت ہونی چاہیے۔ چنانچہ **دعوتِ اسلامی** کی **مرکزی مجلسِ شوریٰ** نے خوب جدوجہد کرکے رَمَضانُ المبارَک ۱۴۲۹ھ (2008) سے **مَدَنی چینل** کے ذَرِیعے گھر گھر سنّتوں کا پیغام عام کرنا شروع کر دیا اور دیکھتے ہی دیکھتے اس کے حیرت انگیز مَدَنی نتائج آنے لگے، بے نماز نمازی بننے لگے، ہر وقت گناہوں میں مگن رہنے والے تائب ہونے لگے، کئی کافر **مَدَنی چینل** کی نشریات دیکھ اسلام سے متأثر ہوکر دائرۂ اسلام میں داخل ہوگئے۔ اَلحَمدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ ہماری توقع سے زیادہ **مَدَنی چینل** کو کامیابی حاصل ہورہی ہے۔ آج کل ابتدائی آزمائشی سلسلوں (پروگراموں) کی ترکیب ہے اور دُنیا کے مختلف مقامات سے روزانہ مبارکبادیوں اور حوصلہ افزائیوں کے بے شمار پیغامات موصول ہو رہے ہیں۔ دعوتِ اسلامی کے وسیع دائرہ کار کو بحُسن وخوبی چلانے کیلئے مختلف ملکوں اور شہروں میں مُتَعَدَّد مجالس بنائی گئی ہیں۔ منجملہ **مجلسِ رابِطَة**

**بِالْعُلَماءِ و المَشائِخ** بھی ہے جو کہ اکثر عُلَمائے کرام پر مُشتَمِل ہے۔اس کے مقاصد میں علماء ومشائخ اہلسنّت دامت فیوضھم سے روابِط مضبوط کرنا بھی ہے۔اس مجلس اور دیگر اسلامی بھائیوں کے ذریعے اندرونِ ملک و بیرون ملک سے مفتیانِ عِظام و عُلَمائے کرام کے **مَدَنی چینل** کے بارے میں مَدَنی بہاریں اورتأثرات موصول ہوئے،جن میں سے ایک مَدَنی بہارحسبِ ذیل ہے:

## مدنی بہار

**آستانہ** عالیہ خواجہ آباد شریف ضلع میانوالی کے سجادہ نشین حضرت صاحبزادہ سیّد غلام نصیرالدین کاظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی نے جو **مَدَنی بہار** تحریر فرمائی ہے،اُس کاخُلاصہ پیشِ خدمت ہے:''اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کی ایک مَدَنی بَہار جو خود میں نے دیکھی ہے، آپ کی نَذ ر کرتا ہُوں: ایک شخص جس کاتعلق پاکستان کے صوبہ پنجاب کے بَہُت بڑے زمیندار گھرانے سے ہےاوراُن کا اپنی رشتہ داری میں سے چند بدمذہب لوگوں کے ساتھ اُٹھنا بیٹھنا ہے۔اس بُری صحبت کا اثر اس کے دو نوجوان بیٹوں پر بھی ہوگیا، اُن کے آباؤ واجداد خواجہ آباد شریف آستانہ سے وابَستہ ہیں۔دوتین سال بعدمیرا اِن کے پاس تبلیغی مِشن پر جانا ہوتا ہے۔پچھلی مرتبہ چونکہ

مَیں کچھ دیر بعد گیا اور مَسلکِ اہلسنّت کی حقانیت پر روشنی ڈالی تو یہ لوگ سیخ پا ہو گئے اور میرے ساتھ اُلجھنے پر تیار ہو گئے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ بُزُرگوں کی نظرِ عنایت سے مَیں نے اِنہیں کسی حد تک قائل کر لیا۔ پھر میں نے انہیں **دعوتِ اسلامی** میں شمولیت اور **مَدَنی چینل** کی ترغیب دی تو میرے کہنے پر **مَدَنی چینل** دیکھ کر نہ صرف وہ بسر و چشم دعوتِ اسلامی میں شامل ہو گئے بلکہ اس سال مدینۃ الاولیاء ملتان شریف میں ہونے والے تین روزہ سنتوں بھرے بین الاقوامی اجتماع کے موقع پر دروازہ دروازہ جا کر دعوت دی اور اپنے شہر سے ایک بَہُت بڑا قافلہ لے کر اجتماع پاک میں شریک ہوئے اور میرے لئے دعوتِ اسلامی کی V.C.D بھی بھیج رہے ہیں، یہ میرے لئے بَہُت بڑا اِعزاز ہے۔"

**اب علماء و شخصیات کے تأثرات کے اقتباسات ذکر کئے جاتے ہیں:**

## (134) حضرت صاحبزادہ سید غلام نصیر الدین کاظمی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ خواجہ آباد شریف، ضلعی امیر جماعتِ اہلسنّت پاکستان، ضلع میانوالی پاکستان)

**اللہ** جَلَّ مَجدُہٗ کے بے شمار احسانات میں سے ایک عظیم احسان دعوتِ اسلامی کا عطا کرنا بھی ہے کہ اس پُر فِتن دور میں **دعوتِ اسلامی** اہلسنّت و جماعت کے پلیٹ فارم

پر بہُت مضبوط انداز میں دین کا کام کررہی ہے۔امیر دعوتِ اسلامی جناب حضرت علاّمہ مولٰینا محمد الیاس عطّارقادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کی کاوشوں سے **مَدَنی چینل** کا آغاز بھی اہلسنّت وجماعت کی بہُت بڑی کامیابی ہے۔**مَدَنی چینل** کے ذریعے جہاں بدعملی،فحاشی اورعُریانی کا خاتمہ ہورہاہے وہاں پر بدمذہبی اورلادینیت بھی ختم ہورہی ہے۔مَیں سمجھتا ہوں کہ **دعوتِ اسلامی** کا ہمارے مسلک پر بہُت بڑااحسان ہے کہ جگہ جگہ مراکز کا قیام،مساجد کی حفاظت،مدارس کا قیام اور **مَدَنی چینل** کا آغاز بہُت بڑی کامیابی ہے۔دُعا گوہوں کہ **اللّٰہ** ربُّ العزّت **دعوتِ اسلامی** کوترقی عطا فرمائے، **مَدَنی چینل** کی مزید بہاریں دیکھنا نصیب کرے اورامیر دعوتِ اسلامی عم فیوضہ کا سایہ قائم رکھے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (135) حضرت مولانا مفتی عبدالمنّان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع محمدی مسجد محلّہ عیدگاہ، مدرس جامعہ کریمیہ رضویہ دارالسلام (ٹوبہ)، پاکستان)

**مَدَنی چینل** سے بچّوں کی اسلامی ماحول کے مطابق تربیت ہوگی اور بچّے بُرے ماحول اور بُرے چینلز سے بچ سکیں گے۔**مَدَنی چینل** عالَمِ اسلام

کے لیے ایک بڑی نعمت ہے، دعوتِ اسلامی نے یہ بَہُت اچھا اور عظیم قدم اٹھایا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحبیب! صلَّی اللّٰہ تعالٰی علٰی محمّد

## (136) حضرت مولانا محمد عارف نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم علیٰ جامعہ نقشبندیہ توحیدیہ اڈہ ڈومالہ، نارروال، پاکستان)

**مَدَنی چینل** دعوتِ اسلامی کی زبردست کاوش ہے۔اس کا آغاز اہلسنّت میں بیداری پیدا کرے گا۔اِنْ شَاءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (137) حضرت مولانا مختار احمد سکندری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ اسلامیہ قادریہ، کنزالایمان پیروسن شہر تحصیل ٹھری میرواہ، ضلع خیرپورمیرس، باب الاسلام سندھ، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کی بہاریں دنیا بھر میں دُھومیں مچا رہی ہیں۔ اَلْحَمْدُلِلّٰه عَزَّوَجَلَّ یہ اہلسنّت وجماعت کا سب سے بہترین اور دِلنواز **چینل** شروع ہوا ہے۔جس سے متعدد غیر مسلم مسلمان ہو رہے ہیں۔دعا ہے کہ **اَللّٰہ** عزوجل تاقیامت اس **چینل** کو آباد فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (138)حضرت مولانا ہیبت خان سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم دارالعلوم غوثیہ حنفیہ محلّہ مدینہ آبادی، ضلع لیہ، پاکستان)

**بعض** سائنسی ایجادات ایسی بھی ہیں جو کہ از خود بُری نہیں ہیں، انسان اپنے عمل سے اس کو بُرا بناتا ہے۔ اِنسانی ذہن ہی ہے اس کو تعمیری کام کیلئے استعمال کرے یا تخریبی کام کیلئے استعمال کرے مثلاً بندوق ہے اسکو اپنے دِفاع وحفاظت کیلئے استعمال کرنا دُرست ہے اور بعض اوقات اس کا استعمال ضروری ہو جاتا ہے لیکن اسی بندوق کو کسی بے گناہ آدمی کی جان لینے کیلئے استعمال کرنا اِنتہائی بُرا ہے اور بڑا ظلم ہے یہی حال تمام آلات کا ہے۔ ٹی وی، کیبل بھی از خود بُرے نہیں غلط پروگرام، حیاسوز فلمیں اور ڈرامے اس کو بُرا بناتے ہیں، اگر اسی ٹی وی اور کیبل پر (شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے) اچھے تعمیری اور تربیتی پروگرام ہوں تو بہُت اچھا ہے اور انسانی ذہن کو دُرست سمت استعمال کرنے میں بڑے مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔ چُنانچِہ انہی حالات کے پیشِ نظر دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** شروع کر کے ایک انقلابی قدم اٹھایا ہے، عملی طور پر نماز، وضو وغیرہ کا طریقہ بتانا اور دیگر مُبلّغِین کے علاوہ خود امیرِ اہلسنّت کا تبلیغ فرمانا بہُت ہی اچھا ہے اور دینِ اسلام کی ترقی و ترویج کا کام بڑی سُرعت اور

آسانی کے ساتھ ہو سکے گا اور پوری دنیا میں اسلام کا پیغام پہنچانا آسان ہو جائے گا۔ عالمِ کفر میڈیا کے ذریعے اپنے کفریہ نظریات پوری دنیا میں پھیلا رہا ہے تو ضروری تھا کہ اسی تیزی کے ساتھ اسلام کا پرچار بھی پوری دنیا میں ہو اور خلقِ خدا کو خدا کے پیغام سے آگاہ کیا جائے تو یہ کام دعوتِ اسلامی نے شروع کیا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (139) حضرت مولانا قاضی فیاض احمد مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد مَدَنی لکوٹ شریف، ضلع وتحصیل ایبٹ آباد، سرحد پاکستان)

**ہماری** طرف سے عالمی مذہبی تنظیم دعوتِ اسلامی کو **مَدَنی چینل** شروع کرنے پر ڈھیروں مبارک باد قبول ہو۔ اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ حضرت علامہ مولٰینا پیرِ طریقت محمد الیاس عطّارؔ قادری صاحب کی عالمگیر تنظیم آج کے اس پُرفتن دور میں اُمتِ مسلمہ کے لیے نشاۃِ ثانیہ کا کام کر رہی ہے اور اُمتِ مسلمہ کو صحیح معنوں میں محبتِ رسول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور محبتِ سُنَّتِ رسول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم اَحسن انداز میں پیش کر رہی ہے۔ اب اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ بذریعہ **مَدَنی چینل** کے دونوں چیزیں لوگوں کے گھروں تک پہنچیں گی اور مسلمانوں کے گھروں سے بے

حیائی اور عریانی ختم ہوگی۔ **اَللّٰہ** ربُّ العِزّ ۃ امیرِ اہلسنّت کا سایہ تادیر ہم پر قائم رکھے اور ہمیں دعوتِ اسلامی کے ساتھ تعاون اور اس پر استقامت نصیب فرمائے۔ ہماری دعا ہے کہ **اَللّٰہ** تعالیٰ دعوتِ اسلامی اور **مَدَنی چینل** کو دن گیارھویں اور رات بارھویں ترقی عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (140) خلیفۂ مجاز سیّدی قطب مدینہ مفتی عبدالنبی حمیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فوڈبرگ نمبر 61 منٹ روڈ JHB ساؤتھ افریقہ)

**دینِ اسلام** آخری دین ہے اور اسکی حفاظت کا ذِمَّہ **اَللّٰہ** عزوجل نے خود لیا ہے۔ اس دین کے اُصول کا باقی رہنا ہر وقت ضروری ہے۔ ہمارے آقا علیہ الصَّلٰوۃ والسَّلام کے اس دنیا سے ظاہری پردہ فرمانے کے بعد اس دین کی اشاعت کی ذِمَّہ داری علماءِ حق اور مسلمانوں کی وہ تنظیمیں جو اسلام کے اُصول وضوابط کو سختی سے تھامے ہوئے ہیں کو سونپی گئی ہے۔ اس دور میں اَلْحَمْدُلِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی پوری دنیا میں خدمتِ دین کے لیے کوشاں ہے اور بڑی کامیابی سے **35** سے زائد شعبوں میں کام کر رہی ہے۔ الیکٹرونک میڈیا کی اس دور میں اَہمیت کو کوئی صاحبِ بصیرت نظر انداز

نہیں کرسکتا، ٹی وی کے ذریعے سے بدمذہبی، بداخلاقی، میوزک، ناچ گانے اور فلموں ڈراموں کو خوب پھیلایا گیا اوراس کے رداور دِفاع کے لیے ہمارے پاس کوئی ذریعہ نہ تھا، کچھ ٹی وی چینل نے تو اسلام کے نام پر مسلمانوں میں اور زیادہ شکوک وشبہات پیدا کردیئے لہٰذا اس دور میں **مَدَنی چینل** کا شروع ہونا صبح کے اشارے کی طرح ہے جو صبح کے آنے کی خبر دیتا ہے اور رات کے اندھیرے چلے جانے کا اِعلان کرتا ہے۔ایک ایسے ٹی وی چینل کی مسلمانوں کو سخت ضرورت تھی جس میں صحیح عقائد اور ہر معاملہ دینِ اسلام کی تعلیمات کے عین مطابق پیش کیا جائے۔اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ میں پورے یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** شروع کرکے مسلمانانِ عالم کی اس ضرورت کو بھی پورا کردیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (141) حضرت مولانا عبدالسلام مشاہدی چشتی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ اشرفیہ اظہار العلوم بُرہانپور ایم پی، مدرس جامعۃ المدینہ احمد آباد، ہند)

**اَلْحَمْدُلِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کا **مَدَنی چینل** جو کہ مسلکِ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو گھر گھر پہنچا رہا ہے اور لوگوں کے عقائدِ حقہ کا تحفُّظ کررہا ہے

یقیناً عصر حاضر میں **مَدَنی چینل** ایک اہم ضرورت ہے، اس کے فیوض و بَرَکات اِنْ شَاءَ اللّٰه عَزَّوَجَلَّ بہُت جلد گھر گھر تک پہنچیں گے اور پہُنچ رہے ہیں اور یہ **مَدَنی چینل** لوگوں کے عقائد وایمان کا ضامن ہوگا۔ **اَللّٰه** ربُّ العزت اس **مَدَنی چینل** کو نَظَرِ بد سے بچائے اور اسے خوب کامیابی عطا فرمائے۔ نیز بانیٔ دعوتِ اسلامی امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس قادری صاحب کی حفاظت فرمائے اور ان کے ذریعے خوب خوب مسلکِ اعلیٰ حضرت کی نشر واشاعت فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰهُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (142) خلیفۂ مفتی اعظم ہند مفتی غلام سرور قادری بخاری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(جامعہ رضویہ ٹرسٹ وخانقاہ قادریہ نوریہ ماڈل ٹاؤن مرکز الاولیاء لاہور)

یہ سن کر خوشی ہوئی کہ مولانا محمد الیاس قادری زید مجدہ کی سرپرستی و قیادت میں **مَدَنی چینل** کے نام سے ایک چینل شروع ہوا ہے۔ میں اس پر مولانا موصوف اور ان کے رفقاء اور دعوت اسلامی کے احباب کو ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہوں۔ بلاشبہ یہ میڈیا کا دور ہے اس میں اسلامی و دینی طرز کے چینل آنے چاہییں ۔ **اَللّٰه**

عزوجل اس سعیِ جمیل کو قبول فرمائے اور سب اہلسنّت کو ایک ہونے کی توفیق بخشے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (143) پیرزادہ سید محمد طاہر شاہ قادری ہمدانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین لکھی وال شریف چنیوٹ، پاکستان)

**مَدَنی چینل** آج کے اس پُرفتن دور میں رحمت کا ایک جھونکا ہے جسے دیکھ کر بالخصوص حضرت صاحب کا مَدَنی مذاکرہ میں جواب دینا اِنتہائی مفید اور معلوماتی ہے۔ **اَللّٰہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کے ہر پروگرام کو کامیاب و کامران فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (144) تلمیذ محدث اعظم پاکستان مفتی الحاج ابوالخیر محمد اکبر قادری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی ومہتمم دارالعلوم انوارِ اسلام رضویہ پیر محل، ضلع دارالسلام (ٹوبہ)، پاکستان)

**بندۂ ناتوان** کو عالمی تحریکِ اِحیاءِ سُنَّت دعوتِ اسلامی کے معزّز وصالح کارکن احباب نے **مَدَنی چینل** کے اِجراء کی خبر کا مژدہ سنایا۔ اِس مسرت بخش خبر کو سن کر دِل بہار بہار ہوگیا۔ اِس کی مدد سے اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی خدمت دین متین کی

بیش ازبیش خدمت ممکن ہوگی **اَللّٰہ** جل شانہ بوسیلہ وصدقۂ سرکار صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم جملہ اہلِ سُنَّت و جماعت کو اِس سے مُستَفِید ہونے کی توفیق ارزان فرمائے، آمین۔

بَہُت دیر تک یہ **مَدَنی چینل** مذہبی وملّی واعتقادی خدمات دیتا رہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (145) خلیفہ مفتی اعظم ہندوقطب مدینہ مفتی محمد عبدالشکور رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ نقشبندیہ رضویہ محلّہ فیض آباد، تحصیل وضلع مَدَنی صحراء (مانسہرہ)، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کے اِجراء پر مُسرَّت کا اظہار اور مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (146) حضرت مولانا حافظ سیِّد عبدالغفور شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد رحمانیہ غوثیہ نشاط کالونی مرکز الاولیاء لاہور کینٹ، پاکستان)

**رَمَضان شریف** کے بابرکت مہینے میں **مَدَنی چینل** کا اجراء ہوا جس کی موجودہ دور میں اَشد ضرورت تھی، اِس پُرفِتن دور میں آقا صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی شان کا بیان کرنا اور تمام وسائل بروئے کار لاکر آقا صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی محبت کا پیغام

دینافرض ہو چکا ہے۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کالاکھ لاکھ شکر ہے **دعوتِ اسلامی** حضور صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی محبت کا پیغام قرآن وسُنّت کی روشنی میں کتابوں اور وعظوں کی صورت میں پیش کر رہی ہے اور **مَدَنی چینل** کے ساتھ میدانِ عمل میں اُتر کر دینِ اسلام کا پیغام تمام دُنیا میں پہنچا رہی ہے۔ میری دُعا ہے کہ **اَللّٰہ** تعالیٰ دعوتِ اسلامی کو مزید ترقی دے۔ بانیٔ دعوتِ اسلامی امیرِ اَہلسنّت حضرت علاّمہ مولٰینا ابو بلال **محمد الیاس عطّار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کی تربیت کا نتیجہ ہے کہ نوجوان نسل کو اِسلام اور سُنّتِ رسُول کی طرف لانے کی کوشش جاری ہے۔ مَیں اپنی طرف سے **مَدَنی چینل** کھولنے پر دِل کی اَتھاہ گہرائیوں کے ساتھ مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (147) حضرت مولانا غلام یٰسین قادری شطاری رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفۂ مجاز علامہ عبدالحکیم شرف قادری و پیر محمد علی ضیاء القادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما، مدرس مدرسہ اسلامیہ وخطیب جامع مسجد عمر کامونکی ضلع گوجرانوالہ، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ **اَللّٰہ** تعالیٰ کا بہُت ہی شکر ہے کہ اِس نے ہماری دعوتِ اسلامی کو **مَدَنی چینل** عطا فرما دیا **اَللّٰہ** عَزَّوَجَل اِس کو جاری رکھنے

کے اَسباب و وَسائل بھی عطا فرمائے تا کہ دینِ اِسلام کی تعلیمات کا گھر گھر ڈنکا بج سکے، اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے ذریعے مسلمان گھر بیٹھے دِین کی تعلیمات سے آشنا ہوں گے اور اِنہیں **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کا ڈر خشیت، ہیبت اور رَحم و کرم اور اس کے اَحکامات وحقوق کی تعلیم مِل سکے گی اس طرح مسلمان اَپنے عَظیم مَرتبہ کو جو اِیمان کی وَجہ سے ملتا ہے اسے پہچان کر اِس کی حفاظت کرتے ہوئے دُنیا سے جانا پسند کریں گے، **مَدَنی چینل** کے ذریعے جرائم پیشہ لوگ بھی جرائم سے تائب ہو سکتے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (148) حضرت مولانا محمد صادق سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم جامعہ اسلامیہ انوار سعیدیہ ضلع دار السلام (ٹوبہ)، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہ** عَزَّوَجَلَّ دعوت اسلامی دورِ حاضر میں خوب دین کا کام کر رہی ہے، مسلک اعلیٰ حضرت کا خوب پرچار ہو رہا ہے، اس کے ساتھ ساتھ مسلمانوں کی عملی طور پر تربیت کا بھی خوب اِہتمام ہے۔ حال ہی میں دعوت اسلامی نے **مَدَنی چینل** کے حوالے سے ایک نیا قدم اُٹھایا ہے۔ اس اِقدام سے اَشد کمی پوری ہو گئی

اور اِصلاحِ معاشرہ کی کامیاب سعی بھی۔مَیں سمجھتا ہوں کہ سارے شُعبہ جات ایک طرف اور یہ **مَدَنی چینل** ایک طرف۔مزید یہ کہ مسلمانوں کی کثیر تعداد بانیٔ دعوتِ اسلامی، امیرِ اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطاؔر قادری مدظلہ العالی کی زِیارت کی خواہاں تھی **مَدَنی چینل** نے اس حسرت کو بھی پورا کر دیا۔**اَللّٰہ** عزوجل **مَدَنی چینل** کو دن دُگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (149) حضرت پیر منظور اللطیف قمر قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر جماعت اہلسنّت و تنظیم المساجد و مدارس اہلسنّت کمالیہ، ضلع دارالسلام (ٹوبہ)، پاکستان)

انہوں نے **مَدَنی چینل** کے بارے میں حضرت مولانا محمد صادق سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات پر تائیدی دستخط فرمائے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (150) خلیفہ قطبِ مدینہ حضرت مولانا سید ابوالنصر منظور احمد شاہ مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی و مہتمم جامعہ فریدیہ للبنین والبنات، ساہیوال، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کا اِجراء ٹی وی کے ماحول میں ایک اچھا قدم ہے،

**اَللّٰہ** تعالیٰ اس چینل کو بَرَکت سے نوازے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

**(151) حضرت پیر سیّد غلام دستگیر محی الدین انور جیلانی قادری صدیقی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(دربار عالیہ قادریہ فاضلیہ جیلانیہ کوٹ شریف محلّہ چڑھ جیلانی چوک کمالیہ دارالسلام (ٹوبہ) پاکستان)

آپ کا **مَدَنی چینل** قابلِ تعریف ہے **اَللّٰہ** کریم حضور غوث پاک علیہ رحمۃ اللہ السلام کے صدقے اِس کو جاری وساری رکھے اور یہ چینل دشمنان حق میں زہر ہلاہل ثابت ہو۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

**(152) حضرت مولانا مفتی محمد نعیم اختر نقشبندی رضوی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ مجا **تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ** ضویہ مرکزی جامع مسجد غلہ منڈی کامونکی ضلع گوجرانوالہ، پاکستان)

**فی زمانہ** تبلیغِ دِین کے لیے جو مروّجہ وَسائل ہیں اُن میں کُتب ورسائل، ٹی وی چینلز ہیں اگر اُسے مقاصدِ حسنہ کے لیے اِستعمال کیا جائے اورشَرعی حدود میں رہتے ہوئے اِستعمال ہوں۔ اِسلامی تعلیمات کے فروغ اور معیار کے لیے دعوتِ

اسلامی کے **مَدَنی چینل** کا آغاز خوش آئندہ قدم ہے۔اُمید کی جاسکتی ہے کہ اِس کے ذریعہ حق کی آواز بلند ہوگی اور عَوام اِس کے مثبت اَثرات پائیں گے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ حَامی وناصر ہو۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

**(153) حضرت شیخ الحدیث مفتی ابوالاسد محمد اللہ دتہ نقشبندی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سابقہ خطیب جامع مسجد دربار خواجہ عبدالعزیز مکی رضی اللہ عنہ پاکپتن شریف، پاکستان)

**تبلیغ** قرآن وسُنَّت کی عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی جو کہ غیر سیاسی ہے اور صلٰوۃ وسُنَّت کی ایک عرصہ سے بے لوث خدمت کر رہی ہے، پہلے ہی اس تحریک کی مساعی قابلِ صد تعریف ہیں اور اب **مَدَنی چینل** نیکی کی ترویج واشاعت کیلئے ایک شاندار اضافہ ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

**(154) استاذ العلماء حضرت مولانا حافظ بشیر احمد فردوسی گولڑوی** مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی ومہتمم الجامعۃ الفردوس حاصل پور ضلع بہاولپور، پاکستان)

**قرآن مجید** نے اُمتِ مسلمہ کو ''خَیْـرَ اُمَّۃٍ'' فرمایا اور اس کی صفت یوں بیان

کی کہ { تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ (پ ٤ ال عمران ١١٠) ترجمۂ کنزالایمان : بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے منع کرتے ہو } اس پُرفتن دور میں نیکی کی دعوت دینا اور بُرائی سے روکنا، یقیناً بڑا مشکل کام ہے۔ اِس تبلیغ کو مزید بڑھانے کے لیے میڈیا کا سہارا کارآمد ہے۔ جہاں برائی کو پھیلانے والے T.V چینلز ہیں وہاں اِن کے مقابلے میں دعوتِ اسلامی نے جو **مَدَنی چینل** کا آغاز کیا ہے، اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ اِس سے بڑھتی ہوئی بے دینی و جہالت کا خاتمہ ہوگا۔ **اَللّٰہ** تعالیٰ ہم سب کو دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** کی برکت سے بُرائی سے محفوظ رکھے اور نیکی پر اِخلاص کے ساتھ عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (155) حضرت مولانا الحافظ علی رضا مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ احیاء العلوم، ہوت والا، چیچہ وطنی روڈ، ضلع وہاڑی، پاکستان)

**انھوں** نے استاذ العلماء حضرت مولانا حافظ بشیر احمد فردوسی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (156) حضرت مولانا الحافظ عطاء الرحمٰن مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ احیاء العلوم، ہوت والا، چیچہ وطنی روڈ، ضلع وہاڑی، پاکستان)

**انھوں** نے استاذ العلماء حضرت مولانا حافظ بشیر احمد فردوسی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (157) حضرت مولانا میاں سراج دین مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس جامعہ احیاء العلوم، ہوت والا، چیچہ وطنی روڈ، ضلع وہاڑی، پاکستان)

**انھوں** نے استاذ العلماء حضرت مولانا حافظ بشیر احمد فردوسی صاحب مُدَّظِلُّہُ العَالِی کے مذکورہ تأثرات کی تائید فرمائی ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

## (158) حضرت فخر السادات، پیر سیّد حیدر امام گیلانی قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(سجادہ نشین آستانہ عالیہ چن پیر ضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

**امیرِ اہلسنّت** حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کے فیض نے لاکھوں نوجوانوں کے دِلوں میں عشقِ رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ و

سلّم، جذبہ اتباعِ سُنَّت اور علم وعمل پیدا فرما دیا ہے۔اب **مَدَنی چینل** کے ذریعے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ لاتعداد مسلمانوں کی اصلاح ہورہی ہے۔ساتھ ہی ساتھ فحاشی اور عریانی کے خلاف بند بندھنا شروع ہوگیا ہے۔اور بدعقیدگی کے سیلاب کی روک تھام شروع ہوچکی ہے، **اَللّٰہ** تعالیٰ امیر اہلسنّت اور **مَدَنی چینل** کو دن گیارہویں اور رات بارہویں ترقی نصیب فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (159) حضرت مولانا حکیم محمد احمد امجد رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد فیض الرسول پتوکی قصور، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی اِحْسَانِہٖ** تبلیغ قرآن وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی بڑے اخلاص کے ساتھ دین کی خدمت کا فریضہ اَحسن طریقہ سے سر انجام دے رہی ہے۔مقام مسرت ہے کہ مذکورہ تحریک نے **مَدَنی چینل** کا اِجراء کرکے بڑا شاندار کارنامہ انجام دیا ہے۔ جسے علمائے اہلسنّت اور عوام اہلسنّت نے بے حد پسند فرمایا ہے۔ مجھے یہ مژدۂ جانفزا سن کراس قدر مسرت ہوئی کہ الفاظ میں بیان نہیں کرسکتا۔ سنتے ہی **مَدَنی چینل** کا پروگرام دیکھنے کے لیے دل

بے قرار ہوگیا اور اپنی آنکھوں سے جب **مَدَنی چینل** بین الاقوامی اجتماع دیکھا تو دل باغ باغ بلکہ باغ مدینہ ہوگیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰهُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (160) استاذ العلماء حضرت مولانا سید محمد عصمت اللہ شاہ مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(تلمیذ شارح بخاری **غلام رسول رضوی** علیہ رحمۃ اللہ الغنی بانی ومہتمم جامعہ انوار القرآن حنفیہ غوثیہ اسکندر آباد ضلع میانوالی، پاکستان)

**اللہ** عَزَّوَجَلَّ دینِ مَتین کی ترویج واشاعت کے لیے ہر صالح سعی، بارگاہِ ایزدی میں مقبول ومحمود ہے۔ بالخصوص **مَدَنی چینل** کی مَدَنی فکر، عمل ملتِ اسلامیہ کے لیے نویدِ عظیم ہے۔ **اللہ** تعالیٰ اَمیرِ اہلسنّت مدظلہ کی قیادت وسیادت کو تا دیر اہلسنّت کے سروں پر قائم دائم رکھے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰهُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (161) حضرت مولانا صاحبزادہ محمد معصوم شاہ مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(نبیرۂ شیخ المشائخ خواجہ محمد صدیق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ آستانہ عالیہ بھور شریف عیسیٰ خیل، میانوالی، پاکستان)

**مَیں** نے پچھلے دِنوں عیسیٰ خیل شہر کے اندر ایک عزیز کے گھر میں **مَدَنی چینل** دیکھا، دل کو بڑی مسرت ہوئی کہ آج کے اس پُرفتن دور میں **اللہ** تعالیٰ

نے دعوتِ اسلامی کو یہ شرف بخشا ہے کہ اِنہوں نے ایک خالصتاً مذہبی چینل کی شروعات کی ہیں جس کے اَندر صبح وشَام مذہبی رُوحانی گفتگو دیکھنے اور سُننے کو ملتی ہے، جس کے اندر سنّتوں کے طریقۂ کار سے آ گاہی دی جاتی ہے۔ میری دُعا ہے **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس چینل کو دِن دُگنی رات چگُنی ترقی عَطا کرے کہ لوگ اِس سے زیادہ سے زیادہ مستفیض ہوسکیں، امین ثم امین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (162) حضرت مولانا آصف ندیم عثمانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد رسولیہ پیپلز کالونی نمبر 2 سردار آباد (فیصل آباد) پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ ہم پہلے بھی نعتوں کے سننے والے تھے لیکن جب سے **مَدَنی چینل** دیکھا ہے، تب سے نعتوں کے اور بھی زیادہ دلدادہ ہو چکے ہیں۔ **مَدَنی چینل** پر آنے والے پروگرام یعنی نعتیں اور بیانات نے ہمارے علم میں اور بھی نہ صرف اضافہ کیا ہے بلکہ ہمیں **مَدَنی چینل** دیکھنے پر مجبور کر دیا ہے کیونکہ پہلے تو ہم امیرِ اہلسنّت مدظلہ العالی کے دیدار کی دعائیں مانگا کرتے تھے لیکن اب اس **مَدَنی چینل** کے ذریعے **اللّٰہ** عزوجل نے نہ صرف آپ

کے بیانات سے نوازا بلکہ آپ کے دیدار سے بھی مالا مال کردیا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !          صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (163) حضرت مولانا محمد امین قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب مرکزی اہلسنّت جامع مسجد اوقاف، تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

**مَدَنی چینل** پر دکھائے جانے والے وضووحج وغیرہ کے پریکٹیکل طریقے عوام اور خواص میں مقبول ہورہے ہیں۔ اس کے علاوہ جو احباب دیدارِ امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کے لیے تڑپتے تھے اور ان کی زیارت کرنا چاہتے تھے جن کی شب و روز کی تبلیغی کوششوں سے لاکھوں لوگوں کی زندگیاں صلوٰۃ وسُنَّت کی راہ پر آگئیں۔ **مدنی چینل** کے توَسُّل سے آپ کی زیارت بھی ہورہی ہے۔ فقیر علماءِ اہلِ سنت کی خدمتِ اقدس میں اپیل کرتا ہے کہ عوام الناس میں **مَدَنی چینل** دیکھنے کی ترغیب فرما کر اس خیر وفلاح کے کام میں حصّہ ملائیں۔ بندۂ ناچیز **مَدَنی چینل** کی پوری ٹیم، اُس کے معاونین کے لیے دنیا وآخرت میں کامیابی کے لیے دعا گو ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !          صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (164) حضرتِ مفتی قاضی محمد وہاج فیض النصیر قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد دربار بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ پاکپتن شریف، پاکستان)

**بحمدہٖ تعالیٰ** دعوتِ اسلامی جس انداز سے شب و روز امتِ مسلمہ پر اتباعِ سُنَّت کی تبلیغ کے ذریعے رنگِ محمد صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم چڑھا رہی ہے۔ اس میں دورِ حاضر کی نہایت اہم ضرورت اور مؤثر ترین ذریعہ یعنی الیکٹرانک میڈیا **مَدَنی چینل** کا اضافہ نہایت نیک شگون اور اصلاح احوال اور فکرِ آخرت کو بیدار کرنے کے لئے نہایت مستحسن اقدام ہے۔ مَیں **اَللّٰہ** ربُّ العِزّۃ کے فضل سے یقین کامل رکھتا ہوں یہ مَدَنی رنگ سب رنگوں پر یعنی **مَدَنی چینل** دیگر چینلز پر غالب آجائے گا۔ اربابِ اقتدار کو چاہیے کہ نظریہ پاکستان کی بقا اور دینِ اسلام کے استحکام کیلئے اس چینل کو مستقل کرنے کی جلد منظوری دے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (165) حضرت مولانا قاری حافظ شبیر احمد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد فیضانِ سنت رینالہ خورد، ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ **اَللّٰہ** تعالیٰ کا بہُت بڑا احسان ہے کہ بندۂ ناچیز نے

**مَدَنی چینل** کی مختلف تقریبات سنی اور دیکھی ہیں۔ پورے ملک اور خصوصاً رینالہ خورد میں جو **مَدَنی چینل** چلا ہے یہ خاص **اَللّٰہ** تعالیٰ کا لطف و کرم شاملِ حال نظر آتا ہے، اُمتِ مسلمہ مستفید ہورہی ہے، مَیں سمجھتا ہوں یہ سارا فیضان امیر اہلسنّت مدظلہ کا ہے۔ سننے اور دیکھنے میں آیا ہے کہ بَہُت لوگ تھے جو فلموں اور ڈراموں والے چینلز دیکھنے کے عادی تھے اب وہ امیر اہلسنّت مدظلہ کی بَرَکت سے اِن تمام چینل کو چھوڑ کر تائب ہو چکے ہیں، اب **مَدَنی چینل** دیکھنے والے عاشق رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم بن چکے ہیں۔ میری دعا ہے **اَللّٰہ** تعالیٰ اپنے لطف و کرم سے امیر اہلسنّت کا سایہ ہم سب کے سروں پر قائم و دائم فرمائے۔ جن کی بدولت یہ **مَدَنی چینل** کی بہاریں ہمیں گھر بیٹھے نصیب ہورہی ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (166) حضرت مولانا مفتی محمد اکرم رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(تلمیذ مفتی اعظم پاکستان عبد القیوم ہزاروی علیہ رحمۃ القوی، ناظم جامعہ انوار مدینہ اولڈ حاصل پور ضلع بہاولپور، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** کا **مَدَنی چینل** آج کے اس دور میں عالمِ اسلام کے لیے **اَللّٰہ** تعالیٰ کی طرف سے ایک خصوصی نعمت ہے۔ حقیقت اسلام کی روح

دوبالا ہوگئی ہے، اجڑے ہوئے دل پھر سے یادِ خدا عزوجل اور یادِ مصطفےٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ و الہٖ وسلَّم سے آباد ہونے لگے ہیں، ماؤں بہنوں اور بیٹیوں کو اشتہاری طور پر نظر آنے سے محفوظ کر دیا گیا ہے۔ دعا ہے کہ **اَللّٰہ** تعالیٰ بطفیلِ نبی کریم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور بطفیلِ تمام محبوبانِ اقدس دعوتِ اسلامی اور اس کے مشن خصوصاً **مَدَنی چینل** کو دن گیارھویں اور رات بارھویں ترقی عطا فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (167) حضرت مولانا غلام شبیر تبسّم مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(صدر مدرس جامعہ جیلانیہ نادر آباد مرکز الاولیاء لاہور کینٹ، پاکستان)

**شکر ربُّ العُلٰی** جتنا بھی ادا کیا جائے کم ہے کیونکہ مسلمانانِ عالم کی رہبری و رہنمائی کے لیے ربُّ العزّۃ عَزَّوَجَلَّ نے ایسی جماعت پیدا کی کہ جس کی مَدَنی صداؤں نے، شب وروز عشقِ مصطفےٰ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم سے لبریز اداؤں نے ہزاروں نہیں لاکھوں حرماں نصیبوں کی قسمت کو سنوار دیا، قلوب و اَذہان میں محبتِ رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی وہ چاشنی پیدا کی کہ ہر طرف و ہر زبان میں یارسُول اللہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی صدائے دلربا بلند ہو رہی ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ثُمَّ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

**مَدَنی چینل** کا بھی اس میں اہم کردار ہے کیونکہ جہاں یورپین ممالک نے اخلاق سوزی وایمان سوزی کے لیے جس طرح کے چینل چلائے تھے اُن کے مقابلے میں مَدَنی بھائیوں نے **مَدَنی چینل** جیسے اسلامی چینل کو چلا کر ہر گھر میں **صدائے یارسُول اللہ** کو عام کر دیا۔ خُدا کرے کہ یہ فیضانِ **دعوتِ اسلامی** ہمیشہ جاری رہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (168) حضرت مولانا مفتی محمد ظفر اقبال چشتی قادری سلطانی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مفتی ومدرس وناظم تعلیمات جامعہ عربیہ نور المدارس صدر عیدگاہ چشتیاں شریف ضلع بہاولپور، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** اور **مَدَنی چینل** بلاشُبہ گناہوں کی روک تھام میں مصروفِ عمل ہیں۔ دورِ حاضر کے متعدد ٹی وی چینلز نے اپنی دن رات کی مساعئ رذیلہ سے اسلام کی صحیح صورت کو خوب چھپانا چاہا لیکن شاید وہ اس سے بے خبر ہیں کہ **اَلْحَقُّ یَعْلُوْ وَلَا یُعْلٰی** (یعنی حق ہی غالب آتا ہے، اس پر غلبہ نہیں پایا جاسکتا) **اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ** **مَدَنی چینل** کی نشریات سے یہ قوی اُمید ہے کہ باطل کے اندھیرے چھٹیں گے اور ہر طرف نور اسلام کی رعنائیاں عام ہوں گی۔ دعوتِ اسلامی و بانئ دعوتِ

اسلامی دامت برکاتہم العالیہ اس پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (169) حضرت مولانا استاذ القراء الحافظ القاری محمد جہانگیر ثاقب مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم وبانی مدرسہ جامع حنفیہ انوار طیبہ تجوید القرآن رحمت اللہ ٹاؤن ضلع اوکاڑہ، پاکستان)

**مَدَنی چینل** کی آزمائشی نشریات کا سلسلہ نافعہ جاری ہوتے ہی حمد باری تعالٰی ونعتِ پاک مصطفٰے علیہ التحیۃ والثناء اور قابلِ عمل پُرمغز مواعظ حسنہ سُن سُن کر مسلمان دولتِ علم وعمل اور کفار دولتِ ایمان سے بہرہ مند ہونے لگے ہیں اور حقیقت تو یہ ہے کہ ہمارے وہ بچے اور بچیاں جو مستقبل کا سرمایۂ افتخار ہیں یہ **مَدَنی چینل** ان میں دینی واَدبی، قومی وملکی غیرت وحمیت اور اسلامی شعور وآگہی کا ذوق وشوق بڑھا بلکہ کوٹ کوٹ کر بھر رہا ہے۔ اس **مَدَنی چینل** کی برکات (مَدَنی بہاروں) کے چند واقعات مکتبۃ المدینہ سے قسط اوّل کے نام سے شائع بھی ہو چکے ہیں جو **مَدَنی چینل** کی اَہمیت کو خوب اُجاگر کر رہے ہیں۔ **اَللّٰہ** کریم جل وعلا ہمارے صاحبانِ اقتدار کو یہ توفیقِ رفیق عطا فرمائے کہ وہ { وَتَعَاوَنُوْا عَلَی الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی (پارہ ٦ المائدۃ ٢) ترجَمۂ کنز الایمان: اور نیکی اور پرہیزگاری پر ایک دوسرے کی

مدد کرو } پر عمل پیرا ہوتے ہوئے **مَدَنی چینل** کی نشریات کو مستقل اجازت نامہ جاری کر دیں تا کہ اِن کے لیے سرمایۂ آخرت ہوسکے اور **اَللّٰہ** جل شانہ امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی مدظلہ، آپ کی پوری شوریٰ کو **مَدَنی چینل** کے اجراء پر اجرِ عظیم سے نوازے ادارہ ’’جامعہ حنفیہ انوارِ طیبہ تجوید القرآن‘‘ کی دعائیں اور ہمدردیاں آپ کی ساتھ ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (170) حضرت علامہ مولانا محمد احتشام الحق قادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ نعیمیہ، خطیب موتی مسجد بہار شاہ روڈ الفیصل ٹاؤن مرکز الاولیاء لاہور کینٹ، پاکستان)

**اِس** پُر فِتن دُور میں ہر طرف لا دِینیت ، بدعقیدگی اور فحاشی وعُریانی بڑی سُرعت کے ساتھ پھیل رہی ہے۔ اِس لیے ضرورت محسوس کی جارہی تھی کہ میڈیا پر مؤثر انداز میں دین کی ترویج و اِشاعت کی جائے۔ چُنانچہ دعوت وتبلیغ کی عالمگیر تحریک دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کے ذریعے اِس ضرورت کو پورا کیا ہے۔ اِس **چینل** کے ذریعہ عقائد واعمال کی اصلاح کی جارہی ہے، اِس طرح کروڑوں لوگ اِستفادہ کررہے ہیں۔ مَیں امیرِ اَہلسنّت اوران کے تمام رفقاء کو اس

مبارک کاوش پر خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (171) حضرت مولانا حافظ محمد عبدالشکور سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی ومہتمم جامعہ غوثیہ قمرالاسلام للبنین وللبنات گُل بہار کالونی مرکز الاولیاء لاہور کینٹ، پاکستان)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ موجودہ دور میں جس انداز سے غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی پوری دُنیا میں کام کررہی ہے، جس چیز کی کمی تھی اور جو کمی محسوس کی جارہی تھی اِسے پوری کررہی ہے۔ پہلے ہی بَہُت اچھے انداز سے تبلیغ کررہی تھی اور زندگی کے ہرشعبے میں اپنا پیغام عام کررہی تھی اور دُنیا مستفید ہورہی تھیں۔اب دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کھول کرمیڈیا کے اندر جو اہلسنّت و جماعت کے پیغامات کوعوام النّاس تک پہنچانے میں کمی محسوس ہورہی تھی اسے پورا کردیا ہےاورعوام گھروں میں بیٹھ کر اسلامی تعلیمات سے مستفید ہورہے ہیں اورخصوصاً خواتین اور بچے جو بڑے بڑے اجتماعات میں نہیں جاسکتے تھے وہ بھی مستفید ہورہے ہیں، اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ اس سےعوام النّاس کو بَہُت فائدہ ہوگا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب !　　　صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (172) حضرت مولانا صاحبزادہ پیر فیض الحبیب قادری اشرفی نوری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خلیفہ سرکارِ کلاں سید مختار اشرف علیہ رحمۃ اللہ الاکبر، سجادہ نشین آستانہ عالیہ انتالی شریف، پاکپتن شریف، پاکستان)

**مُحسنِ اَہلسنّت**، امیرِ اہلسنّت، مجاہدِ ملت، شیخ شریعت و شیخ طریقت، محافظِ دین وملت، برکتِ مصطفیٰ حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دن رات اَنتھک کوششوں کی برکتوں سے **اَللّٰہ** تعالیٰ نے اہلسنّت وجماعت کی عظیم تحریک دعوتِ اسلامی کو بارہ چاند لگا دیئے۔ پوری دنیا میں یا رسُول اللہ کی صدائیں عام ہونے لگیں، جو کام لاکھوں مسلمان مل کر عام نہ کر سکے، وہ کام دعوتِ اسلامی کے **مَدَنی چینل** نے قلیل وقت میں پیش کر دیا، بدعقیدگی کے سیلاب کو روکنے کا کردار ادا کیا، **مَدَنی چینل** کے ذریعے دنیا میں مَدَنی انقلاب برپا ہونے لگا۔ امیرِ اہلسنّت مدظلہ العالی کے دیدار اور ملفوظات کے ذریعے لاکھوں بے نمازی، نمازی بن چکے ہیں اور اسلامی بہنیں بے پردگی سے توبہ کر کے پردے کی پابند بن چکی ہیں، بے شمار نوجوان گانے باجوں سے توبہ کر کے ذکر ونعت سننے کے عادی بنتے جا رہے ہے، بے حیائی کے چینلوں سے بیزار ہو کر **مَدَنی چینل** کے گرویدہ ہوتے جا رہے ہیں۔ **اَللّٰہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو

تا قیامت قائم رکھے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (173) حضرت صاحبزادہ پیر سید خلیل الرحمٰن شاہ بخاری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مرکزی دارالعلوم حنفیہ غوثیہ چک نمبر 71/E.B بی ٹھیکواں شریف تحصیل عارف والاضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

**اَللّٰہ** ربُّ العٰلمین کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ نبیٔ رحمت صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے تصدق سے عالمگیر تحریک دعوت اسلامی کو اس پُر فتن دور میں ایک عزم جہاد بنام **مَدَنی چینل** کے ذریعہ سے کلمۂ حق کو بلند اور عام کرنے کا موقع نصیب ہوا۔ جہاں ہر طرف بے حیائی اور عریانی، فحاشی دیگر چینلز کے ذریعے عام ہو رہی تھی بروقت اقدام کرتے ہوئے دعوت اسلامی نے عالم اسلام کو اصلاحِ احوال کا موقع فراہم کر دیا۔ اب تک جو اہلِ اسلام، اہلِ درد اور اہلِ عشق جو دیگر چینلز کی برائیوں سے مجبور تھے، دعوت اسلامی نے **مَدَنی چینل** کھول عشقِ مصطفٰی صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی صدا کو ان کے گھر تک پہنچا دیا۔ یہ حضور غوث اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کی نظر عنایت ہے کہ یہ عظیم کام دعوت اسلامی کے حصہ میں آیا۔ دعوت اسلامی کا چینل دیکھ کر عشاق کے دل کی دنیا آباد ہو جاتی ہے، تمام پروگرام شریعت کے عین مطابق ہوتے ہیں جس

میں ایسے موضوعات ملتے ہیں کہ عام انسان دنیا میں کس طرح رہ کر شریعت کے تمام تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے خوف خدا اور عشق مصطفٰی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کی دولت سے اپنے دل و ایمان کو لبریز کر سکے۔ اہل اسلام اور بالخصوص عوام اس عظیم پیغام کو بذریعہ **مَدَنی چینل** دل سے قبول فرمائیں اور جہاں تک اِن کی آواز پہنچتی ہے اس کو عام کرنے کے لیے کوشاں ہوجائیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

**(174) تلمیذ محدث اعظم پاکستان شیخ الحدیث والتفسیر سید منظور احمد شاہ بخاری** مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(بانی دار العلوم حنفیہ غوثیہ عارف والا ضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے بارے میں کیا تاثرات دوں یہ خود ہی بہُت مؤثر ہے، اس کے سارے ''سلسلے'' بہُت اچھے ہیں اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ ایک وقت ایسا آئے گا کہ سارے چینل بند کر کے لوگ **مَدَنی چینل** ہی دیکھیں گے اور ہمارے گھروں میں بھی مَدَنی ماحول بنے گا۔ جو لوگ **مَدَنی چینل** کے حق میں ہیں، وہ بڑے بخت ور ہیں۔ میرے دل کی دعا ہے کہ **اَللّٰہ** عزوجل مولانا الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کے اس عظیم مشن جو

انہوں نے بُرائی کے مقابلے میں **مَدَنی چینل** کی صورت میں شروع کیا ہے ترقی سے نوازے اور یہ دن دگنی رات چگنی ترقی پائے۔ میں جب بازار وغیرہ جاتا ہوں تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ لوگ دوسرے چینل بند کر کے **مَدَنی چینل** دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ بَہُت سارے بیمار اور ضعیف لوگوں کو **مَدَنی چینل** کی برکت سے ملتان اجتماع میں شرکت کی سعادت یوں حاصل ہوئی کہ انہوں نے گھر بیٹھ کر اجتماع میں شرکت کر لی۔ میں سوچ رہا ہوں کہ اس **مَدَنی چینل** کو ہر گھر میں کیسے رائج کروں تاکہ باقی چینل بند ہو جائیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (175) حضرت مولانا محمد غلام قادر نقشبندی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ نعیمیہ، خطیب جامع مسجد حنفیہ غوثیہ بھٹہ چوک بیدیاں روڈ لاہور کینٹ، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ **دعوتِ اسلامی** کے اجتماع میں شرکت کا موقع ملا۔ پہلے بھی کئی بار ملتان شریف میں اجتماع میں شرکت کے سلسلے میں حاضر ہو چکا ہوں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اہلِ سنّت کی بہار دیکھ کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے، اِس بار اجتماع میں خاص بات **مَدَنی چینل** کی آمد تھی جس کی وجہ سے اجتماع کے اندر ایک

خَاص ماحول پیدا ہوا اور نہ صرف اجتماع میں شرکت کرنے والے بلکہ پوری دنیا کے لوگوں نے **مَدَنی چینل** پر اپنے آپ کو اجتماع میں حاضر سمجھا۔ خدا تعالیٰ مزید بَرَکات عطا فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (176) حضرت مولانا محمد اختر رضا القادری مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(چیئرمین ادارہ منظر اسلام (ٹرسٹ) بانی مجلسِ رضا عارف والا ضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت وجماعت میں اِنتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھی جانے والی غیر متنازعہ شخصیت امیر اہلسنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے وجودِ مسعود کی بدولت ہمیں میڈیا سے وہ فوائد حاصل ہونا شروع ہو چکے ہیں جن کا صرف تصور ہی کیا جا سکتا تھا۔ جب مذہبِ مہذب اہلسنّت و جماعت کے عقائد پر تنقید تحریری طور پر شروع ہوئی تھی تو امام عشق ومحبت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس تحریک کا تحریری مقابلہ کرتے ہوئے اسے تاریکی کی وادی میں واپس دھکیل دیا تھا۔ اور جب مسلک امام احمد رضا رحمۃ اللہ علیہ پر اعتراضات کرنے والے تحریک کی صورت اختیار کر گئے تو امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ نے مورچہ سنبھالا اور اپنے عمل سے اس

تحریک کو دفن کیا اور اب جبکہ میڈیا کے اس دور میں اہلسنّت و جماعت کو اس کی ضرورت محسوس ہورہی تھی تو اس کے لیے **اَللّٰہ** تعالیٰ نے امیر اہلسنّت کا انتخاب فرمایا اوران کے دم قدم کی برکت سے ہمارے کان **مَدَنی چینل** سے عشق ومحبت سے سرشار جملے اور پیغامات سن رہے ہیں۔ **اَللّٰہ** تعالیٰ اپنے اس بندۂ خاص کا سایہ اہلسنّت و جماعت کے سروں پر تادیر قائم رکھے اور اس چینل کو ہر لمحہ ترقی عطا فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (177) حضرت مولانا مفتی عطاء محمد قادری مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ انور مدینہ منڈی حاصل پور ضلع بہاولپور، پاکستان)

**اِس** دور میں دعوتِ اسلامی نے بگڑتے ہوئے اخلاق و کردار پر مؤمن کی بہتری کے لیے تحریراً، تقریراً خوب کوششیں فرمائیں اور وقت کی نزاکت کو جانچتے اور بھانپتے ہوئے **مَدَنی چینل** کو بے حیائی و بے دینی کے سیلاب کے سامنے بند باندھنے کے لیے جاری کیا ہے۔ **اللّٰہ** کریم جل وعلا امیر اہلسنّت حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی مدظلہ کو اس کی بہترین جزا دے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (178) حضرت مولانا صاحبزادہ فیض الرسول مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(نائب مہتمم مدرسہ انور مدینہ منڈی حاصل پور ضلع بہاولپور، پاکستان)

**انھوں** مفتی عطاء محمد قادری صاحب مدظلہ العالی کے **مذکورہ** تأثرات پر تائیدی دستخط فرمائے ہیں۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (179) حضرت مولانا مفتی محمد یار سعیدی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مہتمم مدرسہ عربیہ اصلاحیہ مفتاح العلوم چک نمبر 41 فتح پور تحصیل حاصل پور ضلع بہاولپور، پاکستان)

**اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ** عَزَّوَجَلَّ مجلس رابطہ بالعلماء والمشائخ (دعوتِ اسلامی) کے صوبائی ذِمّہ دار سے **مَدَنی چینل** کے بارے میں گفتگو ہوئی ہے۔ یقیناً گمراہ کن، غیر اسلامی وغیر اخلاقی ٹی وی چینلز کی بھرمار کی روک تھام کے لیے ایسے خالصِ مذہبی و دینی اور بروقت اسلامی تعلیمات کو عام کرنے کا علمبردار **مَدَنی چینل** کسی بھی صورت میں مسلمانانِ عالم کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں۔ **اَللّٰہ** کریم **مَدَنی چینل** کی ٹیم کو مکمل اخلاص واستقامت سے دینِ برحق کی اشاعت کی توفیق اور اس پر اچھا اجر عطا فرمائے اور امیر اہلسنّت مدظلہ العالی کو اِس چینل کے آغاز پر مبارکباد

پیش کرتے ہیں۔فَجَزَاہُ اللّٰہُ خَیراً وَّ اَحسَنَ الجَزَاءِ

سونا جنگل رات اندھیری چھائی بدلی کالی ہے

سونے والو! جاگتے رہیو چوروں کی رکھوالی ہے

صَلُّوا عَلَی الحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (180)استاذ العلماء حافظ مفتی ابو معین محمد نظام الدین جامی رضوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(مدرس و مفتی دار العلوم حنفیہ غوثیہ عارف والا ضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

دین اسلام میں یوں تو بے شمار ہستیاں مخلوقِ خدا کی رُشد و ہدایت کے لیے تشریف لائیں مگر اَوراقِ تاریخ پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ جن کو **اَللّٰہ** سبحان وتعالیٰ نے عالمگیر مقبولیت سے نوازا اور ان کے فیض کو سارے جہاں میں عام کیا، شرق و غرب میں ان کا چرچا ہوا، جن کی بارگاہ میں ظالموں کے سر جھک گئے، فاسقوں کو توفیقِ توبہ ملی، سرکش ومنکر عاجز ومطیع ہوئے، کبیرہ گناہوں میں مبتلا نہ صرف واجب، سُنَّت، مستحب کے پابند ہوئے بلکہ مکروہ تک سے بچنے لگے ایسے عظیم المرتبت لوگ زمانہ ماضی قریب میں بہُت کم نظر آتے ہیں اور عصر حاضر میں تقریباً نایاب۔ لاکھ لاکھ شکر ہے **اَللّٰہ** عزوجل کا کہ جس نے اس دور میں اصلاحِ اُمت کا عظیم منصب اپنے ایک مقبول

بندے اوراپنے محبوب صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم کے عاشقِ صادق شیخ طریقت امیر اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کوعطا فرمایا۔ آپ ایک جامع شخصیت ہیں، دردِ دین سے بھرا ہوا دل رکھتے ہیں، آپ کی پُرخلوص کوششوں سے دنیا کے بیشتر ملکوں میں خوب دین کا کام ہورہا ہے۔ ہرطرف سُنَّت کی بہاریں ہیں۔آپ فرماتے ہیں: میرا مقصد زندگی یہ ہے کہ **مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے** اور **اَللّٰہ** عزوجل کا وعدہ ہے، میرے بندے جوخواہش کریں میں پوری کرتا ہوں۔ **اَللّٰہ** تعالٰی نے آپ کی اس تمنا کو پورا کیا اور **مَدَنی چینل** کی ترکیب ہوئی۔**مَدَنی چینل** اشاعتِ دین کا ایک مضبوط ترین ذریعہ ہے، **اَللّٰہ** تعالٰی اس **مَدَنی چینل** کوقبولِ عام فرمائے،آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (181) حضرت مولانا محمد غلام رسول مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ جامعہ غوثیہ ضیاء القرآن کیرکوٹ مرکز الاولیاء لاہور کینٹ، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** کی تبلیغی خدمات اور کاوشوں کو دیکھ کر دعوتِ اسلامی کے بانی،

امیر اَہلسنّت حضرت علاّمہ مولٰینا ابو بلال **محمد الیاس عطّار** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کے لیے دل کی اَتھاہ گہرائیوں سے دُعا نکلتی ہے کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اِن کی عمر دراز فرمائے اور اِن کو زیادہ سے زیادہ محنت کرنے کی توفیق عطا فرمائے، آمین۔ اس دفعہ مجھے دعوتِ اسلامی کے سالانہ اجتماع ملتان شریف میں شرکت کا موقع ملا۔ وہاں کے انتظامات اور لوگوں کی لاکھوں تعداد دیکھ کر حیران رہ گیا اور دعوتِ اسلامی کے عروج کے لیے مزید دل سے دُعائیں نکلیں۔ **مَدَنی چینل** دینِ اسلام کی تبلیغ کا جدید اور مؤثر ذریعہ ہے جس سے دُنیا مستفید ہو رہی ہے۔ یہ چینل دعوتِ اسلامی کی خدمات کو چار چاند لگا دے گا۔ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اس طرح کے مزید اقدامات اُٹھانے کی توفیق عطا فرمائے جس سے دنیا میں اسلام کی تعلیم عام ہوتی رہے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (182) حضرت مولانا حافظ قاری غلام یٰسین فریدی مُدَّظِلُّهُ العَالِی

(خطیب و امام جامع مسجد غلہ منڈی عارف والا ضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

**دعوتِ اسلامی کا مَدَنی چینل** فیضانِ مدینہ میں دیکھنے کا اِتّفاق ہوا اور مبلّغینِ دعوت اسلامی کی زبانی مختلف موضوعات پر مثلاً فیضان حدیث، فیضان

اولیاء ودیگر پروگرامز کے متعلق سن کر دِلی مسرت ہوئی کہ "دیر آید دُرست آید" (دیر سے آئے درست آئے) کے مصداق دعوت اسلامی کے ذمہ داران خصوصاً امیر اہلسنّت حضرت مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کی کوششوں سے اہلسنّت کے عقائد واعمال کی ترویج واشاعت ہورہی ہے خصوصاً گھروں میں ساٹھ فیصد آبادی عورتوں کی اور طبقۂ امراء جو مسجد و مدرسہ اور دینی پروگراموں سے دور رہتا تھا، ان تک **مَدَنی چینل** کا پیغام پہُنچ رہا ہے۔ تغیر زمانہ کے تحت بُرائی کے مقابلہ میں ایک اچھے چینل کا چلنا یقیناً دینی طبقہ اور دنیا داروں کے لیے بھی دین ودنیا کے فائدے کا باعث بنے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (183) حضرت مولانا محمد حافظ رشید ساجد مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد دار السلام حنفیہ عارف آباد بلال ٹاؤن بیدیاں روڈ مرکز الاولیاء لاہور کینٹ، پاکستان)

**اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے اُمت مصطفٰے صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم پر خاص کرم کیا کہ اَیسے دور میں جب بعض لوگوں نے اِسلام کے نام پر مسلمانوں کے ایمان پر ڈاکہ ڈالنے کی کوشش تیز کردی تھیں، دعوت اسلامی قرآن و

سُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک کے پلیٹ فارم پر نوجوانوں کو جمع کیا، محبتِ رسول صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کا وہ درس دیا جو اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن نے دیا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ صحرائے مدینہ سشّوں بھرے تین روزہ بین الاقوامی اجتماع میں حاضری کی سَعادت نصیب ہوئی اور **مَدَنی چینل** کو دیکھ کر دِل باغ باغ ہوگیا کہ پوری دنیا میں بانیٔ دعوتِ اسلامی امیرِ اَہلسنّت حضرت علاّمہ مولٰینا ابو بلال **محمد الیاس عطاؔر** قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کا بیان جاری ہے اور بالخصوص وہ نوجوان جو ہر وقت عریانی وفَحاشی کے چینل دیکھ کر اپنی زندگیوں کو تباہ کر چکے ہیں، اِنْ شَاءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ یہ چینل ان کی زندگیوں میں انقلاب پیدا کر کے انہیں نبی کریم صلّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم کا غلام بنا دے گا۔ **اَللّٰہ** تعالیٰ **مَدَنی چینل** کو مزید ترقی عطا فرمائے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (184) استاذ العلماء حضرت مولانا غلام یٰسین پاکپتنی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ناظم اعلیٰ جماعت اہل سنت قبولہ شریف، مدرس مدرسہ حنفیہ نظامیہ عظمت الاسلام عارف والاضلع پاکپتن شریف، پاکستان)

جب بھی باطل شیطان، فرعون اور فحاشی وعریانی کی صورت میں سر اٹھاتا

ہے تو اس کی سرکوبی کے لیے مجدّد الف ثانی قدّس سرّہ النورانی، پیر مہر علی رحمۃ اللہ علیہ اور مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری دامت برکاتہم العالیہ جیسی ہستیاں بھی تائید الٰہی کی صورت میں معرض وجود میں تشریف لاتی ہیں۔ دعوت اسلامی جو کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت و جماعت ہی کی ایک اہم شاخ ہے نے نہایت پر اثر انداز میں اَمْرٌ بِالْمَعْرُوفِ وَ نَھْیٌ عَنِ الْمُنْکَر کی اہم ذِمَّہ داری سنبھالی ہے، اس کا ایک اہم انداز اور سرگرم عمل بین الاعوام حصہ اور انداز اور مؤثر ذریعہ وہ **مَدَنی چینل** ہے جو دور حاضر کی ضرورت کے نہ صرف عین مطابق ہے بلکہ یہ تبلیغ و تدریس کا ایک عملی اور نظری عمل کا کامیاب ترین حصہ ہے۔ یقیناً اس ذریعہ سے بے شمار گمراہ لوگ حق راست پر آئے ہیں اور مزید آئیں گے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (185) حضرت صاحبزادہ احمد مسعود چشتی فاروقی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(ولی عہد سجادہ نشین دربار عالیہ حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ پاکپتن شریف، چیئرمین تحریک فیضان فریدیہ پاکستان)

**دعوتِ اسلامی** کے چند احباب کی زبانی جب معلوم ہوا کہ رمضان المبارک 1429ھ سے ہماری چہیتی تحریک دعوتِ اسلامی کے اپنے **مَدَنی چینل** کا

قیامِ عمل میں آچکا ہے تو یوں لگا جیسے اہلسنّت و جماعت کی دیرینہ خواہش پوری ہوگئی، دعوتِ اسلامی اور امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی سرپرستی میں تحریری، تبلیغی و تدریسی میدان میں پیش رفت پہلے ہی نمایاں اور قابلِ رشک ہے۔اب اِنْ شَآءَ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ **مَدَنی چینل** کے ذریعے تجدید واحیائے دین اور فروغِ عشقِ رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا کام مزید بڑھے گا۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (186) حضرت مولانا قاری غلام حبیب قمر سیالوی مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(خطیب جامع مسجد گلزارِ مدینہ کیرکوٹ لاہور کینٹ، پاکستان)

**آج** کے پُرفِتن دور میں جہاں نفسا نفسی کا عالم ہے، انسان انسان سے دُور ہے، لوگ مادیت پرستی میں اِس قدر غرق ہیں کہ **اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ اور اُس کے رسُول صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کو بھول گئے ہیں اور جہاں نوجوانوں کو گمراہ کرنے کے لیے نِت نئے طریقے اور نئے حَربے استعمال کیے جارہے ہیں اِس تاریک دور میں **دعوتِ اسلامی** جو کہ پہلے ہی مؤثر انداز سے دینِ اسلام کی تبلیغی خِدمات سَرانجام دے رہی تھی اِس نے **مَدَنی چینل** کا آغاز کرکے نوجوان نَسل کے لیے اِسلامی

تعلیمات کی شمع جلا دی ہے جس سے نوجوان نسل میں اِسلام کی روشنی پھیل رہی ہے۔ جہاں نوجوان فلمیں اور ڈرامے دیکھتے تھے وہاں **مَدَنی چینل** کے ذریعے علماء کرام کے بیانات اور مقدس مَحافل سے سرکارِ دوعالم صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کے عِشق میں ڈُوبی ہوئی نعتیں سُننے کا موقع ملتا ہے۔ دعوتِ اسلامی نے **مَدَنی چینل** کھول کر عالمِ کفر کی طرف سے ہونے والے حملوں کا بھرپور جواب دیا ہے۔ دُعا ہے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ اہلسنّت وجماعت کے علماء میں اتحاد اور اتفاق عطا فرما کر منظّم ہونے کی توفیقِ دے اور **اللہ** عَزَّوَجَلَّ دعوتِ اسلامی کو چاردانگ عالم میں سرخرو فرمائے اور اِس کے پیغام کی روشنی ہرسُو عام ہوجائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (187) حضرت مولانا محمد اسماعیل مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ اسلامیہ خطیب مسجد M سیکٹر، D.H.A مرکز الاولیاء لاہور، پاکستان)

دورِ جدید میں آلاتِ جدیدہ کو صحیح مصرف میں لانا یقیناً ایک قابلِ تحسین قدم ہے۔ **مَدَنی چینل** اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَزَّوَجَلَّ اس پُرفِتن دور میں اِصلاحِ عقائد و اَعمال کے لیے جو پُرخلوص کاوشیں سَرانجام دے رہا ہے، ربِّ **مُحمَّد** صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ

وسلّم اسے بوسیلۂ محمد صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرمائے، آمین۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی مُحمَّد

## (188) حضرت مولانا حافظ غلام علی اعوان مُدَّظِلُّہُ العَالِی

(فاضل جامعہ نعیمیہ، خطیب مسجد K سیکٹر D.H.A مرکز الاولیاء لاہور)

**ہنری فورڈ** نے لکھا تھا کہ میڈیا کے ذریعے چند سالوں میں کسی بھی قوم کا مزاج یکسر تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ یہ تب کی بات ہے جب میڈیا اِس قدر طاقتور نہیں تھا۔ بدقسمتی سے شر کی قوتیں تو بہُت عرصے سے اِس مؤثر ہتھیار کو اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کررہی تھیں، جس کے واضح اثرات ہمارے معاشرے پر دکھائی دے رہے ہیں۔ ایسے میں شَر کے مقابلے میں خَیر کی شمع **مَدَنی چینل** کی آزمائشی نشریات کا آغاز کسی مژدۂ جانفزاء سے کم نہیں ہے۔ جس پر چینل اور دعوتِ اسلامی کی تمام قیادت لائق ہزار تحسین ہے۔ یہ بات بے حد خوش آئند ہے کہ **مَدَنی چینل** ابھی تک میوزیکل وغیرہ سے پاک ہے۔ **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کرے کہ مستقبل میں مجبوریاں رُکاوٹ نہ بنیں۔ آخر میں بارِ دیگر اس کاوش پر تمام کارکنان وقیادت کو مبارکباد۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صلَّی اللّٰہُ تعالٰی علٰی محمَّد

# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء وشخصیّات کے تأثرات کے اقتِباسات (قسطِ سُوم)

۞- **مَدَنی چینل** سے متعدد غیر مسلم مسلمان ہو رہے ہیں۔7

۞- **مَدَنی چینل** پر عملی طور پر وضو، نماز کا طریقہ بتانا بہت ہی اچھا ہے۔8

۞- **امیرِ اہلسنّت** مدظلہ العالی کا **مَدَنی مذاکرہ** میں جواب دینا انتہائی مفید اور معلوماتی ہے۔13

۞- **مَدَنی چینل** کے اجراء پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔15

۞- **مَدَنی چینل** پر دعوتِ اسلامی کا بین الاقوامی اجتماع دیکھا تو دل باغ باغ بلکہ باغِ مدینہ ہو گیا۔23

۞- ہمارے کان **مَدَنی چینل** سے عشق ومحبت سے سرشار جملے اور پیغامات سن رہے ہیں۔38

۞- یہ بات بے حد خوش آئند ہے کہ **مَدَنی چینل** میوزک سے پاک ہے۔48

با اہتمام:

## مجلس رابطة بالعلماء والمشائخ

(دعوتِ اسلامی)



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ



اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

# مَدَنی چینل کے بارے میں عُلَماء و شخصیّات کے تأثرات کے اقتِباسات

(قسط چہارم)

## عنقریب پیش کیا جائے گا۔


### مکتبۃ المدینہ کی شاخیں

| | |
|---|---|
| کراچی:۔ شہید مسجد کھارادر۔ فون: 2203311 - 2314045 | حیدرآباد:۔ فیضانِ مدینہ آفندی ٹاؤن۔ فون: 2620122 |
| لاہور:۔ داتا دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ۔ فون: 7311679 | ملتان:۔ نزد پیپل والی مسجد اندرون بوہڑ گیٹ۔ فون: 4511192 |
| سردارآباد (فیصل آباد):۔ امین پور بازار۔ فون: 2632625 | راولپنڈی:۔ اصغر مال روڈ نزد عید گاہ۔ فون: 4411665 |
| کشمیر:۔ چوک شہیداں میرپور۔ 058-61037212 | پشاور:۔ فیضانِ مدینہ گلبرگ نمبر 1 النور اسٹریٹ صدر پشاور۔ |

مکتبۃ المدینہ
فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ (کراچی)
فون: 4921389-93/4126999 فیکس: 4125858
Email:maktaba@dawateislami.net \ www.dawateislami.net